پروگرام

۱۲۳واں جلسہ سالانہ

سن ۲۰۱۴ء

اللھم صل علی محمد و آل محمد

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:

”اس جلسہ کو معمولی انسانی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں یہ وہ امر ہے جس کی خالص تائید حق اور اعلائے کلمہ اسلام پر بنیاد ہے اس سلسلہ کی بنیادی اینٹ خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے۔“ (مجموعہ اشتہارات جلد اوّل صفحہ 341)

پروگرام

جلسہ سالانہ قادیان 2014ء

Programme

Jalsa Salana Qadian 2014

شائع کردہ: نظامت تربیت جلسہ سالانہ قادیان 2014ء

Published By : Nizamat Tarbiyyat, Jalsa Salana Qadian 2014

Toll Free No. : 1800-3010-2131

پروگرام 123 واں جلسہ سالانہ 26،27،28 دسمبر 2014ء

پہلا دن 26 دسمبر بروز جمعہ......افتتاحی اِجلاس

پرچم کشائی (لوائے احمدیت)	10:00 تا 10:10
تلاوت قرآن مجید مع اردو ترجمہ	10:10 تا 10:25
افتتاحی خطاب و دُعا	10:25 تا 10:45
نظم	10:45 تا 11:00
تقریر بعنوان:۔ ہستی باری تعالیٰ (صفت علیم وخبیر کی روشنی میں) محترم مولانا سلطان احمد ظفر صاحب، ناظم ارشاد وقفِ جدید قادیان	11:00 تا 11:30
تقریر بعنوان:۔ صداقت حضرت مسیح موعودؑ (معجزات اور نشانات کی روشنی میں) محترم مولانا منیر احمد خادم صاحب، ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد جنوبی ہند	11:30 تا 12:00
وقفہ برائے تیاری نماز جمعہ وعصر	12:00 تا 01:00
نماز جمعہ وعصر بمقام جلسہ گاہ	01:00 تا 02:15

پہلا دن......دوسرا اجلاس

تلاوت قرآن مجید مع اردو ترجمہ	02:15 تا 02:30
نظم	02:30 تا 02:45
تقریر بعنوان:۔ سیرت حضرت مسیح موعود علیہ السلام (دعوت الی اللہ کی روشنی میں) محترم مولانا جمال شریعت صاحب مربی سلسلہ اصلاح وارشاد جنوبی ہند	02:45 تا 03:15
تقریر بعنوان: سیرت صحابہ (حضرت سلمان فارسیؓ اور حضرت بھائی عبدالرحمٰن قادیانیؓ) محترم مولانا اسفند یار مُنیب صاحب، مربی سلسلہ ربوہ پاکستان	03:15 تا 03:45
تاثرات وتعارفی تقاریر مہمانان کرام ومرکزی اعلانات	03:45 تا 04:45

27؍دسمبر 2014ء بروز ہفتہ

دوسرا دن...... پہلا اجلاس

تلاوت قرآن مجید مع اردو ترجمہ	10:00 تا 10:15
نظم	10:15 تا 10:30
تقریر بعنوان:-سیرت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم (پسماندہ طبقات سے آپ کا حُسنِ سلوک) محترم مولانا محمد انعام غوری صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی قادیان	10:30 تا 11:00
تقریر بعنوان:-امن عالم اور اسلام (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطابات کی روشنی میں) محترم مولانا محمد کریم الدین شاہد صاحب، پرنسپل جامعہ احمدیہ قادیان	11:00 تا 11:30
تقریر بعنوان:-مالی قربانی کی اہمیت و برکات محترم مولانا عبدالوکیل نیاز صاحب، نائب ناظر اصلاح وارشاد جنوبی ہند قادیان	11:30 تا 12:00
تاثرات و تعارفی تقاریر مہمانان کرام و مرکزی اعلانات	12:00 تا 12:15
وقفہ برائے نماز ظہر و عصر	12:15 تا 01:45
نماز ظہر و عصر بمقام جلسہ گاہ	01:45

دوسرا دن......دوسرا اِجلاس

جلسہ پیشوایانِ مذاہب

تلاوت قرآن مجید مع اردو ترجمہ	02:00 تا 02:15
نظم	02:15 تا 02:30
تقریر بعنوان:-اصلاح معاشرہ اور اسلام (بزبان پنجابی) محترم مولانا گیانی تنویر احمد خادم صاحب، نائب ناظر دعوت الی اللہ و نائب امیر مقامی قادیان	02:30 تا 03:00
تاثرات غیر مسلم نمائندگان و مرکزی اعلانات	03:00 تا 05:00

28/دسمبر 2014ء بروز اتوار

تیسرا دن...... پہلا اجلاس

تلاوت قرآن مجید مع اردو ترجمہ	10:00 تا 10:15
نظم	10:15 تا 10:30
تقریر بعنوان:۔اصلاح اعمال اور ہماری ذمہ داریاں (حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبات جمعہ کی روشنی میں) محترم مولانا رفیق احمد بیگ صاحب صدر مجلس خدام الاحمدیہ بھارت	10:30 تا 11:00
تقریر بعنوان:۔وقفِ زندگی کی اہمیت اور جامعہ احمدیہ میں حصول تعلیم کی برکات محترم مولانا کے طارق احمد صاحب، ایڈیشنل انچارج سمعی وبصری قادیان	11:00 تا 11:30
تقریر بعنوان:۔رشتہ ناطہ کے مسائل (قرآن، حدیث اور سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کی روشنی میں) محترم مولانا عنایت اللہ صاحب، ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ قادیان	11:30 تا 12:00
تاثرات وتعارفی تقاریر مہمانان کرام ومرکزی اعلانات	12:00 تا 12:30
وقفہ برائے نماز ظہر وعصر	12:30 تا 02:00
نماز ظہر وعصر بمقام جلسہ گاہ	02:00

تیسرا دن اختتامی اجلاس

تلاوت قرآن مجید مع اردو ترجمہ	02: 15 تا 02:30
نظم	02:30 تا 02:45
تقریر بعنوان:۔عالم اسلام کا بحران اور خلافت احمدیہ کا فیضان محترم مولانا محمد حمید کوثر صاحب، ناظر دعوت الی اللہ قادیان	02:45 تا 03:15
شکریہ احباب ودُعا: محترم ناظر صاحب اعلیٰ صدر انجمن احمدیہ وامیر مقامی قادیان	03:15 تا 03:30
اختتامی خطاب سیدنا حضرت امیر المؤمنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز لندن سے براہ راست بذریعہ ایم۔ ٹی۔ اے واجتماعی دُعا	03:30 تا آخر

اوقات نماز

21 دسمبر 2014ء تا 4 جنوری 2015ء

نماز تہجد باجماعت	5:15
نماز فجر	6:20
نماز ظہر و عصر	2:00
نماز مغرب و عشاء	6:00

نماز تہجد باجماعت 22 دسمبر 2014ء تا 4 جنوری 2015ء مسجد اقصیٰ اور مسجد انوار میں ہوگی۔

جلسہ کے تین دن تمام مساجد میں نماز تہجد باجماعت کا اہتمام کیا گیا ہے۔

مورخہ 26 دسمبر بروز جمعہ پہلی اذان 1:00 بجے اور خطبہ 1:30 بجے جلسہ گاہ میں ہوگا۔

27 دسمبر 2014ء کو نماز ظہر و عصر 1:45 بجے ہوگی۔

28 دسمبر 2014ء کو نماز ظہر و عصر 2:00 بجے ہوگی۔

مورخہ 26 دسمبر 2014ء کو خطبہ جمعہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز لندن سے براہ راست نشر ہوگا۔ درج ذیل مساجد میں خطبہ سننے اور دیکھنے کا انتظام کیا گیا ہے۔ احباب اپنی سہولت کے مطابق جہاں چاہیں خطبہ سن سکتے ہیں۔ مسجد اقصیٰ، مسجد ناصر آباد، مسجد طاہر ننگل، مسجد محمود نزد سمر قند ہومز، مسجد نور، مسجد بشارت ننگل، سرائے طاہر بیسمنٹ۔

نوٹ: خواتین کے لئے بیسمنٹ مسجد اقصیٰ اور مسجد انوار میں خطبہ سُننے کا انتظام کیا گیا ہے۔

❁❁❁

ضروری اعلانات

اوقات بیت الدعا

مستورات کے لئے وقت صبح 4:45 سے صبح 9:00 بجے تک

باقی اوقات میں مرد حضرات استفادہ کر سکتے ہیں۔

ضروری نوٹ : گیٹ دارالمسیح 11 بجے رات کو بند ہو جائے گا اور 3 بجے صبح کھلا کرے گا۔

اوقات بہشتی مقبرہ

بعد نماز فجر سے لیکر رات 9:00 بجے تک۔

نمائش قرآن کریم اور مخزن تصاویر بمقام دفتر نشر و اشاعت

8:30 بجے تا 01:30 بجے اور دوپہر 3 بجے سے رات 9 بجے تک

جلسہ کے تین دن، بعد نماز مغرب وعشاء احباب استفادہ کر سکتے ہیں۔

دارالمسیح

دارالمسیح کی زیارت نمازوں کے اوقات کو چھوڑ کر رات 8:00 بجے تک کر سکتے ہیں۔

ضروری ہدایت: دارالمسیح اور بہشتی مقبرہ میں ویڈیو گرافی و فوٹو گرافی منع ہے۔

اعلانات نکاح

28 دسمبر بعد نماز مغرب وعشاء مسجد اقصیٰ قادیان میں ہوں گے۔

پروگرام لجنہ اماء اللہ

26 دسمبر 2014ء بروز جمعۃ المبارک بعد نماز جمعہ ٹھیک 2:30 تا شام 5:00 بجے مستورات کی خصوصی نشست منعقد ہوگی۔ ان شاءاللہ۔

جلسہ سالانہ کے متعلق حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے زرّیں ارشادات

جلسہ سالانہ کی عظمت۔

’’اس جلسہ کو معمولی انسانی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں...... اس سلسلہ کی بنیادی اینٹ خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے۔‘‘ (مجموعہ اشتہارات جلد اوّل صفحہ 341)

ایمان اور معرفت میں ترقی۔

’’اس جلسہ میں ایسے حقائق اور معارف کے سنانے کا شغل رہے گا جو ایمان اور یقین اور معرفت کو ترقی دینے کے لئے ضروری ہیں۔‘‘ (روحانی خزائن جلد 4 صفحہ 352)

روحانی فوائد اور ثواب۔

’’سو لازم ہے کہ اس جلسہ پر جو کئی بابرکت مصالح پر مشتمل ہے ہر ایک ایسے صاحب ضرور تشریف لاویں جو زادراہ کی استطاعت رکھتے ہوں۔‘‘

’’اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ کی راہ میں ادنیٰ ادنیٰ حرجوں کی پرواہ نہ کریں۔ خدا تعالیٰ مخلصوں کو ہر یک قدم پر ثواب دیتا ہے اور اس کی راہ میں کوئی محنت اور صعوبت ضائع نہیں ہوتی۔‘‘ (مجموعہ اشتہارات جلد اوّل صفحہ 341)

نئے احباب سے تعارف:

’’اور ایک عارضی فائدہ ان جلسوں میں یہ بھی ہوگا کہ ہر یک نئے سال میں جس قدر نئے بھائی اس جماعت میں داخل ہوں گے۔ وہ تاریخ مقررہ پر حاضر ہو کر اپنے پہلے بھائیوں کے مُنہ دیکھ لیں گے اور روشناسی ہو کر آپس میں رشتہ تودُّد وتعارف ترقی پذیر ہوتا رہے گا۔‘‘ (روحانی خزائن جلد 4 صفحہ 352)

❁ وفات پا جانے والوں کے لئے اجتماعی دُعائے مغفرت:

''اور جو بھائی اس عرصہ میں اس سرائے فانی سے انتقال کر جائے گا۔اس جلسہ میں اس کے لئے دُعائے مغفرت کی جائے گی۔''
(روحانی خزائن جلد 4 صفحہ 352)

❁ جلسہ سالانہ میں شرکت کرنے والوں کے لئے دعائیں

''بالآخر میں اس دُعا پر ختم کرتا ہوں کہ ہر یک صاحب جو اس للّٰہی جلسہ کے لئے سفر اختیار کریں خدا تعالیٰ ان کے ساتھ ہو اور اُن کو اجر عظیم بخشے اور ان پر رحم کرے اور ان کی مشکلات اور اضطراب کے حالات ان پر آسان کر دیوے اور ان کے ہم و غم دور فرمادے اور ان کو ہر یک تکلیف سے مخلصی عنایت کرے اور ان کی مُرادات کی راہیں ان پر کھول دیوے اور روز آخرت میں اپنے ان بندوں کے ساتھ ان کو اٹھاوے جن پر اس کا فضل و رحم ہے اور تا اختتام سفر ان کے بعد ان کا خلیفہ ہو۔اے خدا اے ذوالمجد و العطاء اور رحیم اور مُشکل کشا یہ تمام دُعائیں قبول کر اور ہمیں ہمارے مخالفوں پر روشن نشانوں کے ساتھ غلبہ عطا فرما کہ ہر یک قوت و طاقت تجھ ہی کو ہے۔آمین ثم آمین۔''

(مجموعہ اشتہارات جلد اوّل صفحہ 342)

صدق سے میری طرف آؤ اسی میں خیر ہے
ہیں درندے ہر طرف میں عافیت کا ہوں حصار
میں وہ پانی ہوں کہ آیا آسماں سے وقت پر
میں وہ ہوں نورِ خدا جس سے ہوا دن آشکار

(کلام حضرت مسیح موعودؑ)

شرکاءِ جلسہ کے لئے
حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی
زرّیں ہدایات

☆ جلسے کا مقصد تعلق باللہ ہے

’’جلسے کا ایک بہت بڑا مقصد تعلق باللہ پیدا کرنا ہے۔اس لئے جلسے میں شامل ہونے والوں کے لئے یہ بھی ضروری ہے، کارکنان بھی اور مہمان بھی ہمیشہ یادرکھیں کہ اس تعلق کو پیدا کرنے کے لئے اپنی نمازوں اور نوافل کی طرف بہت توجہ دیں، دعاؤں کی طرف بہت توجہ دیں کہ ان ہی میں ہمارے مسائل کا حل ہے۔‘‘

☆ میل ملاقات میں اللہ کے فضلوں کا ذکر کریں

پھر ایک بات یہ بھی یادرہے کہ جلسے پر لوگ آتے ہیں، میل ملاقات بھی ہوتی ہے، بعض لمبے عرصے کے بعد ایک دوسرے کو ملتے ہیں، بعض دفعہ نئی واقفیتیں پیدا ہوتی ہیں پھر خواہش ہوتی ہے کہ مل بیٹھیں ذرا مزید معلومات حاصل کریں، لیکن اس کے لئے جلسے کی کارروائی کے بعد وقفوں میں بیشک بیٹھیں اپنی مجلس لگائیں لیکن ان میں بھی اِدھر اُدھر کی فضول گفتگو کی بجائے اللہ تعالیٰ کے فضلوں اور احسانوں کا ذکر ہو۔

☆سیکیورٹی کے متعلق ہدایات

سیکیورٹی کے انتظام میں جو سختی ہے اُسے خوشی سے برداشت کریں۔سکینر (Scanner) سے گزرنا اور سامان چیک کروانا انتہائی ضروری ہے اور خود اس کے لئے پیش کرنا چاہئے۔اگر کبھی غلطی سے کسی کی نظر سے اوجھل بھی ہوگئے ہیں تب بھی خود پیش ہوں کہ ہمیں چیک کرو۔ یہ نہ

سمجھیں کہ ایک دفعہ چیک کرلیا۔بعض دفعہ یہ بھی ہوتا ہے باہر چلے گئے، دوبارہ اندر آ گئے تو دوسری دفعہ چیکنگ کی ضرورت نہیں ہے۔جتنی مرتبہ بھی باہر جائیں گے جب بھی اندر آنا ہوگا، چیکنگ ہوگی اور چیکنگ کرنے والوں کا بھی کام ہے چاہے بیشک واقف کار بھی ہوں اُن کی چیکنگ کرنی ہے۔اس لئے اس بات پر کبھی مہمانوں کو یا شامل ہونے والوں کو چِڑنا نہیں چاہئے۔ لیکن مردوں اور عورتوں کی طرف جن کارکنان یا کارکنات کی سکینرز (Scanners) پر ڈیوٹی ہے، چیکنگ پر ڈیوٹی ہے، اُن سے بھی مَیں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ چیک تو ضرور کریں لیکن یہ بھی کوشش کریں کہ تمام احتیاطوں کے ساتھ جتنی جلدی چیکنگ ہوسکتی ہے ہوجائے تاکہ لوگوں کو زیادہ تکلیف کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

☆نعرے لگانے کے بارے میں ہدایت۔

......تقریروں کے دَوران ضرورت سے زیادہ نعرے نہ لگائیں۔بعض لوگوں کو نعرے لگانے کی بہت عادت ہے۔ بلکہ نعرے لگانے کا جو مرکزی نظام ہے اُس کے تحت ہی نعرہ لگنا چاہئے۔اُنہی کی ذمہ داری ہے،اُنہی میں رہنے دیں لیکن جب نعرہ لگائیں تو پھر نعرے کا جواب بڑے پُرجوش طریقے سے ہونا چاہئے۔پھر یہ نہیں کہ آواز ہی نہ نکلے۔

☆صفائی کا خاص خیال رکھیں۔

صفائی کا خاص خیال رکھیں، اپنے گند بھی ادھر اُدھر نہ پھینکیں بلکہ اگر کہیں کاغذ یا ڈسپوزیبل (Disposable) گلاس، پلیٹیں یا کوئی چیزیں پڑی ہوئی دیکھیں تو اُس کو بھی فوری طور پر ڈسٹ بِن میں ڈال دیں۔

☆جلسہ گاہ میں بیٹھنے کے تعلق میں ہدایات

جلسہ گاہ کے اندر مارکی میں داخل ہوکر ایک بات کا خاص طور پر خیال رکھیں کہ جو پہلے آنے والے ہیں اُن کو اگر کوئی جائز عذر نہیں ہے تو آگے آکر بیٹھیں تاکہ پیچھے سے آنے والے پھر آرام سے بیٹھ سکیں۔ اِسی طرح جو بعد میں آنے والے ہیں اُن کو جہاں جگہ ملتی ہے وہ بیٹھ جائیں اور ایک

دوسرے پر سے پھلانگ کر نہ جائیں۔حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ایک مجلس میں اِسی طرح پھلانگ کر جانے والے ایک شخص پر آپ بڑے ناراض ہوئے اور مجلس سے اُٹھ کر چلے گئے اور حضرت خلیفہ اوّل کو فرمایا کہ اِن کو نصیحت کرو۔ اور پھر اُنہوں نے بڑے سخت الفاظ میں نصیحت فرمائی تھی۔

پس جس کو جہاں جگہ ملتی ہے، وہ بیٹھے۔ پہلے آنے والے آگے آئیں۔ بعد میں آنے والے جہاں جہاں اُن کو جگہ مل رہی ہے بیٹھتے چلے جائیں۔لیکن بہر حال ہر ایک کو یہ خیال رکھنا چاہئے کہ بعد میں بھی لوگ آنے والے ہیں اس لئے کہیں بھی خالی جگہ نہ ہو۔جس جس طرح آتے جائیں خالی جگہ کو پُر کرتے چلے جائیں۔

(ہفت روزہ الفضل انٹرنیشنل لندن۔12 اگست 2011ء)

☆میزبانوں کو نصائح

☆ مہمانوں کی عزت واحترام اور خدمت کو اپنا شعار بنائیں اور محبت خلوص اور ایثار وقربانی کے جذبے سے اُن کی بے لوث خدمت کریں۔

☆ اپنے ساتھی کارکنوں سے بھی عزت واحترام سے پیش آئیں۔آپس میں محبت سے سارے کام اور ڈیوٹیاں سَرانجام دیں۔

☆ جو میزبان ہیں اُن کا یہ فرض ہے کہ مہمان کی مہمان نوازی اِس طرح خوش خلقی سے کرتے رہیں جب تک انتظام کے تحت اِس مہمان نوازی کا انتظام ہے۔ یہ نہیں کہ اِدھر جلسہ ختم ہوا اور اُدھر ڈیوٹی والے کارکن غائب۔ پتہ نہیں کہاں گئے۔اور انتظامیہ پریشان ہو رہی ہو۔تو جو بھی ڈیوٹی دیں پوری محنت اور دیانتداری سے دیں۔

☆ اِسی طرح کارکنان بھی اگر مہمان کا غصہ دیکھیں تو انتہائی نرمی سے معذرت کر کے تکلیف دُور کرنے کی کوشش کریں۔لیکن یاد رکھیں کہ مہمان سے سختی سے بات نہیں کرنی۔

☆مہمانوں کو نصائح

☆ مہمانوں کو بھی یہ مدِّ نظر رکھنا چاہئے کہ سارا عارضی انتظام ہوتا ہے۔ کارکنان بڑی محنت سے خدمت بجالاتے ہیں۔ لیکن اگر بعض جگہ کہیں کمی یا کوئی خامی رہ جائے تو اِس کو برداشت کریں۔

☆ مہمان بھی اگر کہیں کوتاہی دیکھیں تو نرمی سے توجہ دلا دیں۔ کسی قِسم کا غصہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اِتنے وسیع انتظامات ہوتے ہیں۔ تھوڑی بہت کمیاں رہ جاتی ہیں وہ برداشت کرنی چاہئیں اور صَرف نظر کرنا چاہئے۔ اور غصہ کو دبانے کا بھی ایک ثواب ہے۔

موبائل فون

☆ نمازوں کے دَوران اپنے موبائل فون بھی بند رکھیں۔ بعضوں کو عادت ہوتی ہے کہ فون لے کر نمازوں میں آجاتے ہیں اور پھر جب گھنٹیاں بجنا شروع ہوتی ہیں تو نماز سے بالکل توجہ ہٹ جاتی ہے۔

آدابِ گفتگو

☆ فضول گفتگو سے اجتناب کریں۔ باہمی گفتگو میں دھیما پن اور وقار قائم رکھیں۔ تلخ گفتگو سے اجتناب کریں۔

☆ بعض لوگ بلند آواز سے عادتاً تُوتُو مَیں مَیں کر کے باتیں کر رہے ہوتے ہیں یا ٹولیوں کی صورت میں بیٹھ کر قہقہے لگا رہے ہوتے ہیں۔ اِن دِنوں میں اِن تمام چیزوں میں جس حد تک پرہیز کر سکتے ہیں کریں بلکہ مکمل طور پر پرہیز کرنے کی کوشش کریں۔ ویسے بھی یہ کوئی اچھی عادت نہیں۔

☆ سیاسی گفتگو سے احتراز کریں۔ ویسے بھی یہ ایّام ذکرِ الٰہی اور ایمان افروز واقعات سُننے سُنانے میں گزارنے چاہئیں۔

نظم وضبط

☆ تنگ سڑکوں پر چلنے میں احتیاط اور شوروغل سے پرہیز کریں۔

☆ نظم وضبط کا خیال رکھیں اور منتظمین جلسہ سے بھرپور تعاون کریں اور اُن کی ہر طرح سے اطاعت کریں۔

کھانے کے آداب

☆اِن دنوں میں بعض دفعہ کھانے کا بہت ضیاع ہوتا ہے۔کھانے کے آداب میں تو یہ ہے کہ جتنا پلیٹ میں ڈالیں اُس کو مکمل ختم کریں۔اپنے بچوں کو بھی اِس کی تلقین کریں کہ اِس قِسم کی کوئی حرکت نہیں ہونی چاہیئے جِس کا دوسروں پر بُرا اثر پڑ رہا ہو۔

☆نمازوں کے متعلق ہدایات

☆ جلسہ کے ایام بالخصوص ذکرالٰہی کرتے اور درود پڑھتے ہوئے گزاریں اور التزام کے ساتھ نمازوں کی پابندی کریں۔اِتنی دُور سے مہمان تشریف لائے ہیں تو اگر نمازیں بھی نہ پڑھیں اور اُن کی پابندی نہ کی تو پھر فائدہ کوئی نہیں ہوگا۔اِسی طرح انتظامیہ کے لئے لنگر خانہ میں یا ایسی ڈیوٹیاں جہاں سے ہلنا اُن کے لئے مشکل ہے وہاں نماز کی ادائیگی کا انتظام ہونا چاہیئے۔اُن کے افسران کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اِس بات کا خیال رکھیں۔

☆ عورتوں کے لئے ہدایات

عورتوں کو خاص طور پر توجہ دینی چاہیئے کہ صرف وقفے کے دَوران باتیں کریں اور چاہے وہ اجتماعی قیام گاہیں ہیں یا وقفہ ہے یا گھروں میں ہیں،تو پھر وہاں بھی باتیں ایک حد تک ہونی چاہئیں۔......عورتوں کو خاص طور پر اس امر کی طرف بھی توجہ دلانا چاہتا ہوں،جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جلسہ کوئی دنیاوی میلہ نہیں ہے اس لئے اس میں شامل ہونے والے کی نظر اس بات پر مرکوز ہونی چاہیئے کہ ہم نے اپنے روحانی، اخلاقی اور علمی معیاروں کو بلند کرنا ہے۔اس میں ترقی کرنی ہے اور اس ماحول سے خاطر خواہ فائدہ اُٹھانا ہے۔جب یہ سوچ ہوگی تو وہ خواتین بھی جو اپنے لباس اور زیوروں کی نمائش کر رہی ہوتی ہیں وہ بھی سادہ لباس میں آئیں گی یا اس سوچ کے ساتھ آئیں گی کہ اصل مقصد ہمارا جلسہ سُننا ہے۔

☆ لباس مناسب اور ڈھکے ہوئے ہونے چاہئیں

لباس مناسب اور ڈھکے ہوئے ہونے چاہئیں۔بعض کے لباس کے بارے میں شکایات آتی ہیں کہ ایسے ہوتے ہیں جس سے کسی طرح بھی کسی احمدی عورت کا تقدّس ظاہر نہیں ہو رہا ہوتا۔ پس لباس وہ ہو جو زینت کو چھپانے والا ہو اور اس کے لئے اللہ تعالیٰ نے رہنمائی فرمادی کہ تقویٰ پر چلتے ہوئے جو لباس تم زیب تن کرو گے، وہی تمہاری زینت چھُپانے والا لباس ہے۔

☆دُعاؤں اور صدقات کی تحریک۔

جیسا کہ میں نے کہا اپنے یہ دن دعاؤں میں گزاریں۔ اس کے ساتھ اپنی حیثیت کے مطابق صدقات پر بھی توجہ دیں۔

.... دعاؤں سے ہی ہمارے سب کام سنورتے ہیں اور دعاؤں سے ہی ہر قسم کے فیوض و برکات نصیب ہوتے ہیں۔ جلسہ کے ان ایام میں کثرت سے دعائیں کریں۔ .... چلتے پھرتے، اُٹھتے بیٹھتے ذکر الٰہی کرتے رہیں۔ درود شریف کا التزام کریں اور کثرت سے استغفار کریں۔ اللہ آپ کے ساتھ ہو۔ جلسہ کی تمام علمی اور روحانی برکتوں سے فیضیاب فرمائے۔

(ہفت روزہ الفضل انٹرنیشنل،لندن۔19 ستمبر 2003ء)

☆ سب سے اہم دُعا ہے۔ دُعاؤں پر زور دیں۔ جلسہ پر آتے بھی اور جاتے بھی۔ دُعاؤں سے سفر شروع کریں اور سفر کے دَوران بھی دُعائیں کرتے رہیں۔

(بحوالہ خطبہ جمعہ فرمودہ خلیفۃ المسیح الخامس 18/جولائی 2003ء)

گزارشات
از دفتر جلسہ سالانہ

جلسہ سالانہ قادیان 2014ء میں شرکت کرنے والے جملہ مہمانان کرام کی خدمت میں خوش آمدید کا تحفہ پیش کیا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس روحانی مائدہ سے ہم سب کو مستفیض ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

درج ذیل ہدایات کو ملحوظ رکھنے کی گزارش کی جاتی ہے:۔

1. قادیان پہنچتے ہی فوری طور پر اپنی رجسٹریشن کروالیں۔
2. ہر قسم کا قیمتی سامان نقدی اور زیورات بجائے قیام گاہ میں رکھنے کے اپنے ساتھ رکھیں۔ اور خصوصاً غیر مُلکی مہمانان کرام کرنسی تبدیل کرتے وقت احتیاط سے کام لیں۔ چوری اور نقصان کے خطرے سے چوکس رہیں۔
3. غیر ملکی احباب اپنے پاسپورٹ اور ضروری دستاویزات ہمیشہ اپنے ساتھ رکھیں۔
4. اپنا رجسٹریشن کارڈ ہمیشہ اپنی جیب میں رکھیں اور کسی بھی جگہ مطالبہ پر ضرور دکھائیں۔
5. اپنی قیام گاہ میں ہی کھانا تناول فرمائیں تا کہ انتظامی لحاظ سے کوئی دقّت نہ ہو۔
6. اپنے ملنے والوں سے مہمان نوازی کی معین کردہ جگہ پر ہی ملاقات کریں اور کسی اجنبی شخص کو قیام گاہ میں نہ لائیں۔
7. اگر افسر صاحب مہمان نواز آپ سے کسی قسم کی رضا کارانہ خدمت طلب فرمائیں تو ان سے تعاون فرمائیں۔
8. رات کے وقت بلا ضرورت اپنی قیام گاہ سے باہر نہ جائیں۔
9. کسی لاوارث گری پڑی چیز کو ہاتھ نہ لگائیں بلکہ متعلقہ منتظمین کو اطلاع دیں۔
10. اپنے کم سن بچوں کے جیب میں اپنا ایڈریس لکھ کر مضبوطی سے باندھ دیں۔
11. بعد نماز مغرب وعشاء مستورات بازار میں اکیلی نہ جائیں اپنے محرم مردوں کے ساتھ ہی جائیں اور رات 08:30 بجے تک شاپنگ سے فارغ ہو جائیں۔ جلسہ کے تین دن سے پہلے اور بعد میں دن کے اوقات میں سہولت سے شاپنگ کی جاسکتی ہے۔ اس ہدایت کی مہمانانِ کرام خاص طور پر پابندی کریں۔

شعیب احمد

(افسر جلسہ سالانہ قادیان)

ضروری گزارشات
از نظامت تربیت

❁ جلسہ سالانہ قادیان پرتشریف لانے والے ہر مہمان کو ہم جلسہ سالانہ کی انتظامیہ اور اہل قادیان کی طرف سے **السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ** عرض کرتے ہوئے دل کی گہرائیوں سے **اھلا وسھلا ومرحبا** کہتے ہیں۔اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کا قادیان میں قیام ہر لحاظ سے باعث برکت و رحمت بنائے۔آمین۔قادیان میں قیام کے دوران درج ذیل امور کی پابندی ضروری ہے۔شرکاء جلسہ سے درخواست ہے کہ ان امور کی مکمل پابندی کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں:۔

❁ قادیان میں اپنا زیادہ وقت دعاؤں، ذکر الٰہی، درود شریف پڑھنے میں گزاریں۔نماز فجر کے بعد باقاعدگی سے تلاوت قرآن مجید کریں۔

❁ غلبہ اسلام احمدیت اور جماعت احمدیہ کی ترقی، حضرت خلیفۃ المسیح الخامس نصرہ اللہ تعالیٰ کی صحت و سلامتی اور فائز المرامی کے لئے باقاعدگی سے دعائیں جاری رکھیں۔

❁ جلسہ سالانہ کے دوران حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے خطابات اور دوسرے علماء کی تقاریر بڑی توجہ اور دل جمعی سے سماعت فرمائیں۔

❁ بہشتی مقبرہ مزار مبارک پر دُعا کرتے ہوئے اسلامی مسنون طریق اختیار کرتے ہوئے ہاتھ اُٹھا کر دعا کرنی چاہئے،کوئی غیر اسلامی مشرکانہ حرکت نہ کریں۔مثلاً قبروں سے مٹی اٹھانا۔پھول ڈالنا وغیرہ۔

❁ قیامگاہوں، بیوت الخلاء، وضو اور غسل خانوں کی صفائی کا خاص خیال رکھیں۔قیامگاہوں۔سڑکوں پر سگریٹ، بیڑی نہ پئیں کسیر (پرالی) کو آگ لگنے کا خطرہ ہوتا ہے۔

❁ احمدی دوکانداروں کے علاوہ دیگر دوکانداروں سے گوشت اور مرغی نہ کھائیں۔کیونکہ وہ اسلامی طریق پر ذبح کیا ہوا نہیں ہوتا۔

مسجد کے آداب

☆ مسجد میں اور مسجد کے ماحول میں اُس کے آداب اور تقدس کا خیال رکھیں۔

قادیان میں مرکزی مساجد مسجد مبارک اور مسجد اقصیٰ کے علاوہ مختلف محلّوں میں مساجد ہیں جہاں نماز باجماعت کا انتظام ہے۔مہمانان کرام اپنی سہولت کے مطابق قریب کی مسجد میں نماز باجماعت ادا کر سکتے

ہیں۔ مسجد مبارک اور مسجد اقصیٰ میں فرض نمازوں کے علاوہ دیگر اوقات میں آ کر نوافل ادا کئے جاسکتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مسجد اقصیٰ میں کافی توسیع ہو چکی ہے توسیع والے گراؤنڈ فلور اور اوپر کی دو منزلوں میں جانے کا مین راستہ سیڑھیاں سامنے ہی ہیں۔ البتہ پُرانے حصّے میں جانے کے لئے عقبی جانب شمال میں واقع چھوٹی سیڑھی کو استعمال کریں۔

نماز سے فراغت کے بعد باہر نکلنے میں جلدی نہ کی جائے کیونکہ باہر نکلنے کے راستے تنگ ہیں۔ بیسمنٹ میں سے بھی باہر نکلنے کے راستے ہیں اسی طرح قصر خلافت پُرانی لائبریری کے اندر سے بھی نکلنے کا راستہ ہے۔ ڈیوٹی پر موجود خدام اس کی راہ نمائی کرتے رہیں گے۔ بہر حال مسجد کے باہر نکلتے ہوئے جلد بازی نہ کریں۔

☆ بازار کے متعلق ہدایات۔

☆ ایک ضروری ہدایت یہ ہے کہ بازار جلسہ کے دَوران بند رہیں گے۔ مہمان بھی اِس بات کا خیال رکھیں کہ جن لوگوں نے دُکانیں بنائی ہوئی ہیں یا سٹال لگائے ہیں اُن کو مجبور نہ کریں کہ اِس دَوران دُکانیں کھولیں یا آپ وہاں بیٹھے رہیں۔

ویزا کے بارہ میں ہدایات

☆ یہاں قیام کے دَوران ملکی قوانین کی بھی پوری پاسداری کریں، پوری پابندی کریں اور بالخصوص ویزا کی میعاد ختم ہونے سے پہلے پہلے ضرور واپس تشریف لے جائیں اور جس مقام کا ویزا ہے اُسکے علاوہ کسی دوسری جگہ نہ جائیں۔ جو دوست پاکستان کے قافلے میں آئے ہیں اُن کا ویزا صرف قادیان کی حد تک ہے۔ اس کی پوری پابندی کی جائے۔

دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ سفر وحضر میں آپ کا اور ہم سب کا حافظ وناصر رہے۔ آمین!

طاہر احمد بیگ

ناظم تربیت جلسہ سالانہ 2014ء

اہم ٹیلی فون نمبرز

نام دفتر	موبائل/فون نمبرز
دفتر جلسہ سالانہ	0091-1872-221641 0091-1872-224777
دفتر جلسہ سالانہ فیکس	0091-1872-224301
نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ وافسر جلسہ گاہ	9417730907
دفتر افسر خدمت خلق	8054153900
دفتر دعوۃ الی اللہ	1800-30102131
دفتر بہشتی مقبرہ	1872-220854
نور ہسپتال	1872-220545
نظارت امور عامہ	1872-220035
دفتر Help Line خدمت خلق	7508311711

Websites :

www.alislam.org
www.jalsasalana.org/qadian
www.ahmadiyyamuslimjamaat.in

E-Mail :

jalsasalanaqadian@gmail.com